# نیویارک شہر پبلک اسکولز، مقامی قانون 12 رسائی سے متعلق پیش رفت کی رپورٹ (AccessibilityProgress Report) برائے سال 2025-2024

## فہرستِ مندرجات


عمومی ........ 2
رسائی کا منصوبہ اور پیش رفت رپورٹ ........ 2
عزم کا بیانیہ ........ 2
معذوری خدمات کے سہولت کار اور رسائی کی دیگر اہم معلومات ........ 3
رائے دہی کا طریقہ کار ........ 3
جسمانی رسائی ........ 3
اپریل 2024 سے اب تک پیش رفت ........ 3
2026 مئی تک کے اہداف ........ 4
ڈیجیٹل رسائی ........ 4
اپریل 2024 سے اب تک پیش رفت ........ 4
مئی تک کے اہداف ........ 5
ترتیب وار رسائی ........ 5
اپریل 2024 سے اب تک پیش رفت ........ 5
2026 مئی تک کے اہداف ........ 6
موّثر ابلاغ ........ 7
اپریل 2024 سے اب تک پیش رفت ........ 7
2026 مئی تک کے اہداف ........ 7
ملازمت کی جگہ کی شمولیت ........ 8
اپریل 2024 سے اب تک پیش رفت ........ 8
2026 مئی تک کے اہداف ........ 8
مشاورت اور آرا ........ 8
خلاصہ ........ 9





T-38880 NYCPS LL12 Accessibility Progress Report (Urdu)

NYC Public Schools

## عمومی

نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کا مقصد ہر طالب علم کو ایک ایسے راستے پر گامزن کرنا ہے جس سے وہ ایک فائدہ مند پیشہ ورانہ زندگی اور طویل مدتی معاشی تحفظ حاصل کرے، اور مثبت تبدیلی کے لیے ایک مؤثر قوت بننے کے قابل ہو۔ تقریباً 9 لاکھ (900,000) طلباء کی مجموعی آبادی کے ساتھ، نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) ملک کا سب سے بڑا تعلیمی نظام ہے۔ طلباء کی کامیابی کو فروغ دینے کے لیے ایجنسی کے اندر مختلف شعبوں اور دفاتر کے درمیان باہمی تعاون ضروری ہے، تاکہ 1,800 سے زائد اسکولوں اور پروگراموں کی مؤثر طور پر معاونت کی جا سکے۔ اپنی متنوع طالب علم آبادی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے، نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) نے تمام طلباء، بشمول معذوری کے حامل طلباء، کی معاونت کے لیے نظام اور وسائل کا ایک جامع نیٹ ورک تیار کیا ہے۔

### رسائی کا منصوبہ اور پیش رفت رپورٹ (Accessibility Plan and Progress Report)

نیویارک شہر کے 2023 کے مقامی قانون 12 کے تحت، مئیر کے دفتر برائے معذوری کے حامل افراد (MOPD) سے مشورے کے بعد، NYCPS نے 2024 سے 2028 تک کے لیے پانچ سالہ رسائی منصوبہ تیار کیا، جو مارچ 2024 میں شائع ہوا۔ نیویارک شہر کے 2023 کے مقامی قانون 12 کی مزید پاسداری کے طور پر، یہ NYCPS کی پہلی سالانہ پیش رفت رپورٹ ہے۔ گزشتہ ایک سال کے دوران، نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) نے رسائی کو بہتر بنانے میں نمایاں پیش رفت کی ہے، جس میں معذوری کے حامل افراد کے لیے جسمانی، ڈیجیٹل، مؤثر مواصلات، اور پروگراموں سے متعلق بہتری کے جاری منصوبے شامل ہیں۔ NYCPS آئندہ برسوں میں معذوری کے حامل افراد کے لیے رسائی کو وسعت دینے اور شمولیت کو فروغ دینے کے عزم پر قائم ہے۔

دفتر برائے رسائی منصوبہ بندی(OAP) نیویارک شہر کے 2023 کے مقامی قانون 12 کے تحت اس پیش رفت رپورٹ کی تیاری کا ذمہ دار ہے۔

### عزم کا بیان

NYCPS اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کہ اس کے پروگرام، خدمات، اور سرگرمیاں طلباء، اسکول کمیونٹی کے ارکان، عملے، اور خاندان کے افراد کے لیے قابل رسائی ہوں۔ اس کے علاوہ، نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) شفاف عمل قائم کرنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ ہر فرد اپنے اسکولوں اور عمارتوں کی رسائی کے بارے میں معلومات حاصل کر سکے اور مناسب سہولیات کی درخواست دے سکے۔

## معذوری خدمات کے سہولت کار اور رسائی کی دیگر اہم معلومات

- معذوری خدمات کے سہولت کار، Thomas Taratko، چیف ایگزیکٹو
  Space Management
  131 Livingston Street, Room 209, Brooklyn, NY 11201
  فون نمبر: 2939-935(718)
  ای میل: accessibility@schools.nyc.gov
- عمارت تک رسائی سے متعلق معلومات کے لیے، براہ کرم یہاں جائیں:
  عمارت تک رسائی
- نیویارک شہر پبلک اسکولز کی امتیازی سلوک مخالف پالیسی اور امتیاز کی داخلی شکایات درج کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں معلومات کے لیے، براہ کرم یہاں جائیں:
  امتیازی سلوک کے خلاف پالیسی اور داخلی شکایات درج کرنے کا طریقہ کار

## رائے دینے کا عمل

نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کے 2024-2028 کے پانچ سالہ رسائی منصوبے اور اس پیش رفت رپورٹ پر رائے دینے کا خیرمقدم کیا جاتا ہے۔

براہ کرم کسی بھی رائے یا تجویز کا اشتراک کرنے کے لیے LocalLaw12@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

## جسمانی رسائی

مالی وسائل کے ذریعے تعمیراتی کاموں کو فروغ دینا نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کا اپنی عمارتوں میں رسائی کو بہتر بنانے کے مستقل عزم کا ایک لازمی حصہ ہے۔ نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) مالی سال 2025-2029 کے لیے رسائی کے اہم تعمیراتی منصوبوں کے لیے 800 ملین ڈالر مختص کرتا ہے۔ یہ سرمایہ کاری نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کے اپنے طلباء، عملے، اور ملاقاتیوں کی مختلف ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اسکولوں کی عمارتوں تک رسائی کو بہتر بنانے کے جاری عزم کا عکاس ہے۔

### اپریل 2024 سے اب تک پیش رفت

- معذوری کے حقوق کی حمایتی تنظیموں کے تعاون سے، نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) نے مالی سال 2025-2029 کے تعمیراتی منصوبے کے لیے درج ذیل اہداف مقرر کیے ہیں:
  - تعمیراتی منصوبوں کا انتخاب اس لیے کیا گیا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ تمام اسکول اضلاع میں مکمل طور پر قابل رسائی ابتدائی عمارتوں کا تناسب منصوبے کی تکمیل پر 33٪ سے بڑھ کر 40٪ ہو جائے۔

➢ تعمیراتی منصوبوں کا انتخاب اس لیے کیا گیا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ منصوبوں کی تکمیل پر ضلع 75 کی ٪75 اسکول عمارتیں جزوی یا مکمل طور پر قابل رسائی ہوں، اور ہر اسکول ضلع میں ضلع 75 کی ٪50 اسکول عمارتیں مکمل طور پر قابل رسائی ہوں۔

- 2025-2029 کے تعمیراتی منصوبے میں مذکورہ بالا دونوں اہداف کی حمایت میں، رسائی ذیلی کمیٹی (ASC) نے چھ منصوبے منتخب کیے جن کا مقصد ناقابلِ رسائی عمارتوں کو مکمل طور پر قابل رسائی بنانا ہے، اور تین منصوبے منتخب کیے تاکہ جزوی طور پر قابل رسائی عمارتوں کو مکمل رسائی کے معیار تک لایا جا سکے۔
- دفتر برائے رسائی منصوبہ بندی (OAP) نے عمارتوں کے سروے کیے جن کے نتیجے میں 200 سے زائد عمارتوں کی رسائی پروفائلز(BAPs) تیار کی گئیں، جن میں تقریباً 50 ثانوی مقامات (جیسے ضمنی عمارتیں یا عارضی کلاس روم عمارتیں) کے BAPs شامل ہیں۔

*2026 مئی تک کے اہداف*

- رسائی ذیلی کمیٹی (ASC) کے اشتراک سے، NYCPS عمارتوں کی رسائی کو بہتر بنانے کے لیے 2025-2029 کے تعمیراتی منصوبے کے مجموعی سرمائے کا کم از کم ٪50 مختص کرنے کے لیے اضافی منصوبوں کی منظوری دے گا۔
- دفتر برائے رسائی منصوبہ بندی (OAP) تمام اسکول اضلاع میں تقریباً ٪50 ناقابلِ رسائی بنیادی عمارتوں کے رسائی پروفائلز (BAP) سروے کرے گا۔ یہ BAP سروے آئندہ اصلاحاتی کوششوں کے لیے رہنمائی فراہم کریں گے۔

### ڈیجیٹل رسائی

نیویارک شہر پبلک اسکولز اس بات کا پابند ہے کہ اس کا ڈیجیٹل مواد معذوری کے حامل افراد کے لیے قابل رسائی ہو اور متعلقہ رسائی کے معیار کو اپناتے ہوئے صارفین کے لیے اس تجربے کو مسلسل بہتر بناتا رہے۔

*اپریل 2024 سے اب تک پیش رفت*

- نیویارک شہر پبلک اسکولز نے کامیابی سے یہ یقینی بنایا کہ اس کی مرکزی ویب سائٹس (infohub.nyced.org اور schools.nyc.gov) کے تمام مدیران نے مواد میں ترمیم کرنے کی اجازت حاصل کرنے سے پہلے ڈیجیٹل رسائی کی مطلوبہ تربیت مکمل کی ہے۔
- NYCPS نے عوامی رابطوں میں رسائی کے تقاضوں کی تکمیل میں جس میں خاندانوں کے لیے فراہم کردہ وسائل بھی شامل ہیں، معاونت کے لیے ایک نیا ڈیجیٹل رسائی ماہر ( Digital Accessibility Specialist) کا عہدہ قائم کیا ہے۔
- جولائی 2024 میں، شعبہ برائے تدریسی و معلوماتی ٹیکنالوجی (DIIT) نے ایک ڈیجیٹل رہنما کتابچہ (Accessibility Development Guide) شائع کیا تاکہ NYCPS کے سافٹ ویئر ڈویلپرز کو قابل رسائی سافٹ ویئر کوڈ کرنے میں مدد فراہم کی جا سکے۔

- DIIT نے MOPD کے تعاون سے NYCPS کے اہم پلیٹ فارمز کی رسائی کی صارف ٹیسٹنگ فراہم کی۔

### 2026 مئی تک کے اہداف

- DIIT ڈیجیٹل رسائی کو بہتر بنانے کے لیے ڈویلپرز کی معاونت کرنے کے لیے آن لائن رسائی سے متعلق تربیتی کورسز کا ایک سلسلہ تیار اور شروع کرے گا، پیش رفت کی نگرانی کرے گا، اور سیکھنے میں مدد فراہم کرے گا۔
- ڈیجیٹل رسائی کی کوششوں کو مزید مضبوط بنانے کے لیے،DIIT درخواست برائے تجویز (RFP) کی شرائط کو بہتر بنائے گا، جس میں ڈیجیٹل رسائی سے متعلق توقعات کی وضاحت کی جائے گی اور تمام متعلقہ وینڈر ڈویلپرز کے لیے رسائی کی تربیت مکمل کرنا لازمی قرار دیا جائے گا۔

## پروگرام کے تحت رسائی

نیویارک شہر پبلک اسکولز محنت سے کام کرتا ہے تاکہ تمام طلباء، بشمول معذوری کے حامل افراد کے لیے ان کے تعلیمی پروگراموں تک رسائی میں رکاوٹوں کو کم کیا جا سکے اور ضروری وسائل فراہم کیے جائیں۔

### اپریل 2024 سے اب تک پیش رفت

- جون 2024 میں، نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) نے شعبہ برائے مشمولی اور قابل رسائی تدریس [Division of Inclusive and Accessible Learning (DIAL)] قائم کیا، جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ کثیراللسانی طلباء، معذوری کے حامل طلباء، اور ان کے اہلِ خانہ تعلیم، سیکھنے، اور اسکول کمیونٹی تک مکمل رسائی حاصل کریں۔
- معذوری کے حامل طلباء کی شناخت کا جشن منانے اور شمولیت و برادری کے ماحول کو فروغ دینے کے لیے، DIAL نے InclusiveSchoolsNYC کے نام سے ایک اقدام کا آغاز کیا، جو شہر بھر کے 90 سے زائد اسکولوں میں فعال ہے اور کمیونٹی تقریبات، پروگرام، وسائل، اور طلباء کی قیادت میں چلنے والے کلبز پیش کرتا ہے۔
- اپریل 2025 میں، DIAL نے Inclusive Education Student Summit کا آغاز کیا، جو ایک سالانہ تقریب ہے جس کا مقصد معذوری کے حامل اور بغیر معذوری کے طلباء کو ایک جگہ جمع کرنا ہے تاکہ وہ معذوری کے حقوق پر نئے زاویوں سے غور کر سکیں، رسائی سے متعلق اپنی سوچ کو گہرا کر سکیں، اور عملی سرگرمیوں کے ذریعے مثبت تبدیلی لا سکیں۔ اس تقریب کے دوران، نیویارک شہر پبلک اسکولز کے رہنما اور تدریسی مشیر قابل رسائی اور ہمہ گیر اسکول برادریوں کو وسعت دینے کے مقصد سے عملی منصوبے تیار کرنے کے لیے اکٹھا ہوئے۔
- اپنے دفتر برائے طالب علم پاتھ ویز کے ساتھ شراکت داری میں، DIAL نے کیریئر اور تکنیکی تعلیم کے پروگراموں میں اساتذہ کو انفرادی اور چھوٹے گروپ کی تربیت فراہم کی ہے تاکہ وہ ان

پروگراموں میں حصہ لینے والے معذوری کے حامل ہائی اسکول طلباء کو مخصوص مدد فراہم کر سکیں۔

- معذوری کے حامل طلباء کو قابلِ منتقلی ہنر فراہم کرکے ان کے روزگار کے مواقع بہتر بنانے کے لیے،NYCPS نے معذوری کے حامل طلباء کے لیے کام پر مبنی تعلیم اور انٹرنشپ کے مواقع بڑھائے ہیں، اور انہیں مخصوص معاونت اور قابل رسائی کام کے ماحول فراہم کیے ہیں تاکہ وہ دو ایسے تعلیمی پروگراموں میں اپنی شرکت بڑھا سکیں جو براہِ راست کیریئر یا پیشہ ورانہ تربیت سے منسلک ہوں۔ کرئیر ریڈینس اور ماڈرن یوتھ اپرنٹس شپ، (جو طلباء کے لیے جامع کیریئر تیاری کے کورس ورک کے بعد دو سے تین سال پر مشتمل اپرنٹس شپ پروگرام ہے)، اور FutureReadyNYC، (جو نیو یارک سٹی جاب کونسل اور CareerWise نیو یارک کے ساتھ شراکت میں تیار کیا گیا ایک کثیر سالہ منصوبہ ہے)، میں حصہ لینے والے طلباء کو طرزِ معاش کے اپنے منتخب کردہ شعبے میں اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنانے اور تجربہ حاصل کرنے کے لیے تربیت اور کام کا عملی تجربہ فراہم کیا جاتا ہے۔
- OAP نے NYCPS کی ویب سائٹ پر ایک آسان اور مؤثرمناسب سہولت کا ڈیجیٹل فارم متعارف کرایا ہے جس کے ذریعے طلباء، خاندان، اور عام افراد اسکول کی عمارتوں اور عوامی تقریبات تک رسائی سے متعلق سہولیات کی درخواستیں آن لائن جمع کروا سکتے ہیں۔
- طلباء کی رسائی کی ضروریات کو بہتر طریقے سے سپورٹ کرنے کے لیے، اسکول کا دفترِ صحت نے ایک نئی ویب ایپلیکیشن (Student Accommodation System) شروع کی ہے جو اسکولوں کو سیکشن 504 منصوبے کی درخواستیں شروع کرنے، عمل اور طریقہ کار کا جائزہ لینے، اور NYCPS کے طلباء کے لیے سیکشن 504 منصوبہ تیار اور حتمی شکل دینے کی سہولت فراہم کرتی ہے۔
- نیویارک شہر پبلک اسکولز نے دو ویب ایپلیکیشنز — Summer Accommodation application اور After School اورExtracurricular Dashboard — کو بہتر بنایا ہے تاکہ معذوری کے حامل طلباء کے لیے غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے دوران پیشہ ور معاون اور نرسنگ معاونت کی درخواست کا عمل آسان بنایا جا سکے، جس میں بعد از اسکول پروگرامز اور سمر رائزنگ شامل ہیں۔

### 2026 مئی تک کے اہداف

- آئندہ سال کے Inclusive Education Student Summit تقریب کے لیے، DIAL کا ہدف طلباء کے اندراج کی گنجائش کو تقریباً دُگنا کرنا ہے۔
- DIAL کو توقع ہے کہ وہ InclusiveSchoolsNYC اقدام کو نیویارک شہر پبلک اسکولز کے مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء کے لیے اضافی پروگرامز اور طلباء کلبز پیش کرکے مزید وسعت دے گا۔
- NYCPS کا ہدف معذوری کے حامل طلباء کی کرئیر ریڈینس اور ماڈرن یوتھ اپرنٹس شپ اور FutureReadyNYC پروگرامز میں شمولیت کی شرح میں اضافہ کرنا ہے۔

## مؤثر ابلاغ

NYCPS سننے، دیکھنے یا بولنے میں معذوری کے حامل افراد کے لیے مؤثر ابلاغ کو فروغ دیتا ہے، اور اس مقصد کے لیے معاون ٹیکنالوجی کے آلات اور خدمات فراہم کرتا ہے تاکہ وہ اساتذہ اور ساتھیوں سے مؤثر طریقے سے رابطہ قائم کر سکیں، تعلیمی کام مکمل کر سکیں، اور اسکول کے پروگراموں اور سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لے سکیں۔ اس کے علاوہ، نیویارک شہر پبلک اسکولز ایسی پالیسیاں، رہنما اصول، اور تربیتی پروگرام وضع کرتا ہے جو عملے میں رسائی سے متعلق آگاہی بڑھاتے ہیں اور معذوری کو شامل کرنے والے مواصلاتی طریقوں کو فروغ دیتے ہیں۔

### اپریل 2024 سے اب تک پیش رفت

- DIIT نے ڈویلپرز اور فراہم کنندگان کے لیے قابل رسائی ویب سائٹس کے تقاضوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے وسیع پیمانے پر تین تربیتی اجلاس منعقد کیے۔
- معذوری سے متعلق شمولیت اور آگاہی کو فلم کے ذریعے فروغ دینے کے لیے، نیویارک شہر پبلک اسکولز نے ReelAbilities فلم فیسٹول کے ساتھ شراکت قائم کی—جو امریکہ کا سب سے بڑا فیسٹول ہے، اور معذوری کے حامل افراد کی زندگیوں، کہانیوں، اور فنکارانہ اظہار کو سراہنے اور ان کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے وقف ہے۔ اس اشتراک کا مقصد معذوری سے متعلق مواد کو کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 12 تک کے تمام طلباء کے تعلیمی تجربے میں شامل کرنا ہے۔ اس شراکت کے ذریعے، NYCPS کا ہر معلم معذوری کے حامل افراد کے لیے اور ان کے ذریعے بنائی گئی متعدد فلموں تک بلا محدود رسائی حاصل کرے گا۔
- نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) نے AIMS پروگرام میں درج طلباء کی مدد کے لیے ابلاغی بورڈز تیار کیے ہیں۔ یہ پروگرام ابتدائی بچپن کی خصوصی تعلیم کا حصہ ہے اور ان آٹسٹک طلباء کے لیے ہے جنہیں سیکھنے کی تیاری، زبان، ابلاغ، روزمرہ زندگی کی سرگرمیوں، اور رویے کے حوالے سے زیادہ معاونت درکار ہوتی ہے۔ ایک تجرباتی پروجیکٹ کے تحت، شہر بھر کے پانچ اسکولوں میں حسب ضرورت ابلاغی بورڈز نصب کیے گئے، جن پر حروف، اعداد، اور پروگرام سے متعلق علامات کے ساتھ مناسب لیبلز درج ہیں تاکہ AIMS کے طلباء، ان کے ہم جماعتوں اور عملے کے ارکان کے درمیان ابلاغ کو آسان بنایا جائے۔
- نیویارک شہر پبلک اسکولز نے اسکولوں کو Read&Write تک رسائی فراہم کی ہے، جو ایک ڈیجیٹل رسائی ٹول بار ہے اور تمام ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے جس میں مختلف خصوصیات شامل ہیں، جن میں تقریر کو متن میں تبدیل کرنا، متن کو تقریر میں بدلنا، لفظ کا اندازہ، بصری لغت، اور 90 سے زائد زبانوں میں ترجمہ شامل ہیں۔

### 2026 مئی تک کے اہداف

- مرکزی معاون ٹیکنالوجی ٹیم Read&Write ٹیکنالوجی کے بارے میں آگاہی بڑھانے اور اس کے وسیع پیمانے پر استعمال کو فروغ دینے کے لیے مختلف ذرائع استعمال کرے گی، جن میں معلوماتی نشستیں اور تربیتی ماڈیولز شامل ہیں۔

### ملازمت کی جگہ کی شمولیت

اپریل 2024 سے اب تک پیش رفت

- 2024 کے موسمِ گرما کے دوران، شعبہ انسانی وسائل نے تمام ملازمین کے لیے ماہانہ خبرنامہ کا آغاز کیا تھا۔ ملازمت کے مقام کی رسائی کے حوالے سے آگاہی اور حمایت بڑھانے کے لیے، دفتر برائے معذوری سہولیات (ODA) نے اس بات کو یقینی بنایا کہ ستمبر 2024 کا شمارہ تمام ملازمین کو سہولیات کے عمل سے آگاہ کرے، بشمول کہ ملازمین سہولیات کی درخواست کس طرح دے سکتے ہیں۔ ماہانہ خبرنامے میں حاملہ ملازمین انصاف ایکٹ (PWFA) سے متعلق سہولیات کے حوالے سے تازہ ترین معلومات بھی شائع کی گئیں۔
- اپنی شرکت کے ذریعے شمولیتی انٹرنشپس کے لیے شراکت داری (PII) پروگرام میں، جو AHRC نیویارک شہر اور نیویارک شہر اور ریاست کی سرکاری ایجنسیوں کے درمیان گرانٹ کی مالی معاونت سے چلنے والی عوامی-نجی شراکت داری ہے، جس کا مقصد معذوری کے حامل افراد کے لیے نیویارک شہر کی حکومت میں انٹرنشپ کے ذریعے روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے، نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) نے نو PII انٹرنز کی میزبانی کی، جن میں سے ایک کو بعد میں کُل وقتی ملازم کے طور پر بھرتی کیا گیا۔

2026 مئی تک کے اہداف

- ODA ملازمین کے لیے عمومی سہولیات کے نوٹس ہر سال دو مرتبہ، اور کسی بھی تازہ ترین معلومات کے ساتھ شائع کرتا رہے گا تاکہ رسائی کے لیے مستقل رابطہ اور مسلسل حمایت کو یقینی بنایا جا سکے۔
- متعلقہ قوانین اور طریقہ کار میں متعدد تبدیلیوں کی عکاسی کے لیے، ODA عملے کے لیے سہولیات کے حوالے سے ایک میمورنڈم جاری کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، جس میں PWFA سے متعلق نئی دفعات بھی شامل ہوں گی۔
- نیویارک شہر پبلک اسکولز اضافی انٹرنز کی میزبانی کر کے PII پروگرام میں اپنی شرکت بڑھانے کا ارادہ رکھتا ہے۔

## مشاورت اور آرا

2024-2028 کے پانچ سالہ رسائی منصوبے کی اشاعت سے قبل، ایک تجویز کردہ منصوبہ دسمبر 2023 میں NYCPS کی ویب سائٹ پر شائع کیا گیا تھا جس میں عوامی رائے کی دعوت دی گئی تھی۔ اس کے علاوہ، MOPD نے تجویز کردہ منصوبہ اور رائے دینے کے موقع کا نوٹس نیویارک شہر ایجنسی رسائی منصوبوں کی ویب سائٹ پر بھی شائع کیا تھا۔

نیویارک شہر پبلک اسکولز معذوری کے حق میں کام کرنے والی تنظیموں کے ساتھ فعال طور پر تعاون کرتا ہے تاکہ معذور افراد کی حمایت کے لیے تعمیراتی منصوبہ بندی کے اہداف اور پالیسیاں تیار کی جا سکیں۔ یہ

اداره ان تنظیموں کے ساتھ مسلسل ملاقاتیں کرتا رہتا ہے تاکہ ان کی قیمتی آراء ادارے کے منصوبوں کو مضبوط بنانے میں مدد دے سکیں۔

## خلاصه

نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) اپنے پروگرامز، خدمات، اور سرگرمیوں کو عملے، طلباء، خاندانوں، اور کمیونٹی کے ارکان کے لیے قابل رسائی بنانے کے اپنے عزم میں پختہ یقین رکھتا ہے۔ یہ پیش رفت رپورٹ ظاہر کرتی ہے کہ نیویارک شہر پبلک اسکولز معذوری کے حامل افراد کی حمایت میں وسیع پیمانے پر مختلف اقدامات کو فعال طور پر آگے بڑھا رہا ہے، رسائی کی رکاوٹوں کو ختم کرنے اور شامل کرنے والے ماحول کی تشکیل میں مسلسل کوشاں ہے۔